| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ذ' کی پہچان کرسکیں' ۔اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے دو الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔بچوں سے حرف 'ا تا خ' کا تلفظ،آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ذ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ذ' ہے یہ حروف تہجی کا بارھواں حرف ہے۔بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ذ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔اور حرف 'ذ' کے ذخیرہ الفاظ (درخت، دروازہ، درزی، دانت، داستانے، روات، دال) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔بچوں کو حرف 'ذ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کے ان کے نام بتائے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ذ' کی ورک شیٹ دی جائے گی۔جس میں بچے انگلی کی مدد سے رنگ بھریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ذ' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>30 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>پی پی ٹی<br>ورک شیٹ رنگ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ذ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ذ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ڈ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے چار الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ڈ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ڈ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>دو موٹے موٹے ہاتھ — دو موٹے موٹے پاؤں — چھوٹی سے اک دم ہے — اور لمبی سی اِک ناک<br>دو گول گول سی آنکھیں — دو بڑے بڑے کان — پیٹ تھا اس کا موٹا — دو لمبے لمبے دانت<br>بچوں کا ہے ساتھی — نام ہے اُس کا ہاتھی<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 30 کھولیں۔ اور صرف 'ڈ' پر انگلی پھیریے اور حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے۔ 'ڈ' کی آواز کی بار بار دہرائی کروایئے۔ 'ڈ' سے دروازہ: بچوں کو چار بڑی اور دو چھوٹی آئس کریم سٹکس دیں۔ چھوٹی آئس کریم سٹکس horizantal دکھا کر اُس کے اوپر بڑی آئس کریم سٹکس رکھ کر گلو لگائیں۔ اب بچوں کو پوسٹر کلرز سے دروازے کو رنگ کرنے میں مدد کریں۔ جب پینٹ خشک ہوجائے تو براؤن ٹین سے اس کا ہینڈل بنائیں اور ستارے، سٹیکر لگا کر اس کو آراستہ کر دیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے دروازے کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی اور پوچھا جائے گا کہ کیا کمرہ جماعت میں کوئی اور ایسی چیز ہے جو 'ڈ' سے شروع ہو۔<br>**گھر کا کام:**<br>'ڈ' سے شروع ہونے والی اشیاء میں رنگ بھریئے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ نمبر 30<br>آئس کریم سٹکس<br>بڑی 4 چھوٹی 2<br>گلو، پوسٹر کلرز، بٹن، سٹارز، سٹیکرز<br><br>ورک شیٹ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ڈ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ڈ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے چار الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڈ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ڈ' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ڈ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ڈ' کی کہانی سنیں گے۔<br>دانیال دکان سے آیا تو اس کی ماما نے دروازہ کھولا۔ اور اُس کو کہا کہ ہاتھ دھو کھانا کھالو۔ اُس نے پوچھا کیا پکا ہے۔ ماما نے کہا دال چاول ۔ اُس کی امی نے کہا دودھ پی کر سونا۔ اُس نے اپنی امی کو بتایا کہ اتوار کو وہ اپنے دوستوں کے ساتھ دریا کی سیر پر جا رہا ہے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے گروپ میں Activity کروائی جائے گی 4 بچوں کو ایک چارٹ پیپر دیا جائے گا۔ جس پر درخت کا تنا بنا ہوگا۔ بچوں کو پلیٹ میں پوسٹر کلرز دیئے جائیں گے اور اُن کو کہا جائے گا کہ ہر بچہ اپنا ایک ہاتھ کلر میں ڈپ کرلے اور چارٹ پیپر ہر درخت کے پتے بنانے کے لیے پرنٹ کرے۔ | 20 منٹ | چارٹ پیپر، درخت کے تنے کے ساتھ، پوسٹر کلرز پیپر پلیٹ، پانی | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ڈ' سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر اُن کے نام پوچھیں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'د' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'د' کی پہچان کرسکیں'۔اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے سات الفاظ اوراس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'د' کا تلفظ اُس کی آواز اوراس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف 'د' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔اس میں 'د' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'د' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'د' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'د' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے دستانے، دوات اور دال کی تصاویر دکھائی جائیں گی اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 10 منٹ | تصاویر فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید پر اسے لے کر دکی تصاویر کے فلیش کارڈ چسپاں کیے جائیں گے اور بچوں کو باری باری بلا کر 'د' کی تصاویر کے نام بتانے اور اُن کے گرد دائرہ لگانے کو کہا جائے گا۔بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 31 کھولنے کو کہا جائے گا۔اور اس کی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا۔اور پوچھا جائے گا کیا جالا کی ابتدائی آواز 'د' ہوتی ہے۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے دال، دوات اور دستانے کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی بچوں سے ہوا میں 'د' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڈ' کی پہچان کرسکیں اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے سات الفاظ اوراس کی بناوٹ جان سکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں کو حرف 'ڈ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ڈ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | تعارف:<br>بچوں سے Sand Letter پر حرف 'ڈ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand Letter | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ڈ' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تا کہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | اختتامیہ:<br>بچوں سے بورڈ پر حرف 'ڈ' کی لکھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | گھر کا کام:<br>کاپی میں حرف 'ڈ' پر پنسل پھیریئے۔ | | | |